Canada Revenue Agency | Agence du revenu du Canada

Canada

ذاتی خدمات فراہم کرنے والے کاروبار

کیا آپ نے کسی دوسرے کاروبار کو خدمات فراہم کرنے کے لیے اپنی کمپنی انکارپوریٹ کی ہے؟

اگر ہاں تو آپ کی انکارپوریٹڈ کمپنی ایک ذاتی خدمات کا کاروبار (PSB) کرار ہو سکتی ہے۔. PSB کی ٹیکس کی ذمہ داریاں دیگر انکارپوریشنز سے مختلف ہوتی ہیں۔

ممکن ہے کہ آپ کی کارپوریشن PSB کے طور پر کام کر رہی ہے اگر:

- آپ کارپوریشن کے مخصوص شیر ہولڈر ہوں یا آپ سے متعلق کوئی شخص کارپوریشن کا مخصوص شیر ہولڈر ہو۔
- آپ کی کارپوریشن کسی دوسرے کاروبار کو خدمات فراہم کرتی ہو (مثلاً ملازمت دینے والی کمپنی، کلائنٹ یا کوئی اور ادارہ)۔
- اس کاروبار کی خدمات فراہمی اس طور طریقے کی ہے کہ کارپوریشن کی غیر موجودگی میں آپ کو اس کاروبار کا ملازم سمجھا جاسکتا ہو۔
- آپ کی کارپوریشن پورے سال میں پانچ یا پانچ سے کم فل ٹائم ملازمین رکھتی ہو۔
- آپ کی کارپوریشن کو ملنے والی ادائیگیاں کسی وابستہ کارپوریشن سے نہ ہوں۔

PSB کی ٹیکس کی ذمہ داریاں

ایک PSB کو:

- T2 کارپوریشن انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنی ہوگی ۔
- اپنے ملازمین کو T4 سلپس جاری کرنے ہونگے۔
- اگر لاگو ہو تو GST/HST ریٹرنز فائل کرنے ہونگے ۔

ایک PSB یہ نہیں کر سکتا :

- سمال بزنز ڈیڈکشن کا استعمال کرنا۔
- جینرل ٹیکس ریٹ ریڈکشن کا استعمال کرنا۔
- دیگر کارپوریشن میں جیسے پائے گئے اخراجات کا استعمال کرنا۔

ایک PSB کو یہ ادائیگی کرنی ہوگی:

- مکمل وفاقی اور صوبائی کارپوریٹ ٹیکس ریٹ کی ادائیگی۔
- PSB کی آمدنی پر اضافی 5 فیصد ٹیکس ریٹ کی ادائیگی۔

کینیڈا ریونیو ایجنسی PSBs کا جائزہ لے رہی ہے، خاص طور پے ٹرکنگ انڈسٹری میں، تاکہ اندازہ ہو سکے کہ کتنے کارپوریشنز ٹیکس کی ذمہ داریاں پوری نہیں کر رہے ۔ **وہ PSBs جو اپنی ٹیکس کی ذمہ داریاں پوری نہیں کرتیں، جرمانوں کا سامنا کر سکتی ہیں۔**

آمدنی کی درست رپورٹنگ کے لیے، PSBs کو فروری کی آخری تاریخ تک اپنی ملازمت دینے والی کمپنی سے T4A سلپ حاصل کرنی چاہیے جس میں سال کی آمدنی کی تفصیل ہو۔

PSBs کے بارے میں مزید جانیں: canada.ca/personal-services-business